UIC
PAKISTAN

# دی یونائیٹڈ انشورنس کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ

PACRA سے 'A+' قرار شدہ

## 56واں سالانہ اجلاسِ عام

بذریعہ ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ کمپنی کا 56 واں سالانہ اجلاس عام 26 اپریل، 2016ء بروز منگل صبح 11 بجے بمقام رائل پام گالف اینڈ کنٹری کلب، 52، کینال بینک روڈ، لاہور منعقد ہوگا جس میں درج ذیل کارروائی عمل میں لائی جائے گی:

**عمومی کارروائی:**

1) 13 اپریل 2015ء کو منعقدہ 55 ویں سالانہ اجلاس عام کی کارروائی کی توثیق

2) 31 دسمبر 2015 کو اختتام شدہ سال کے لئے کمپنی کے آڈٹ شدہ اکاؤنٹس کے ہمراہ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس وصول کرنا، انہیں زیر غور لانا اور ان کی منظوری دینا۔

3) بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش کے مطابق کمپنی کے ممبران کی تحویل میں موجود ہر 100 شیئرز پر 40 شیئرز کے تناسب سے 40 فیصد بونس شیئرز کے اجراء پر غور کرنا اور منظوری دینا۔

4) مالی سال 2016 کے لئے بیرونی آڈیٹرز کی تقرری کرنا اور ان کا مشاہرہ طے کرنا۔ آڈٹ کمیٹی نے میسرز اویس حیدر لیاقت نعمان، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس، لاہور کے تقرر کی سفارش کی ہے۔ ریٹائر ہونے والے آڈیٹرز میسرز اویس حیدر لیاقت نعمان، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس، لاہور نے اہلیت کی بنیاد پر سال 2016 کے لئے بطور کمپنی کے بیرونی آڈیٹرز دوبارہ تقرری کے لئے خود کو پیش کیا ہے۔

5) سربراہ اجلاس کی اجازت سے کسی دیگر عمومی کارروائی کو بھی اجلاس کے سامنے پیش کیا جاسکتا ہے۔

**خصوصی کارروائی:**

6) بونس شیئرز (B-21) کے اجراء کے لئے سرمایہ بندی کی منظوری اور درج ذیل قرارداد کو ترمیم کے ساتھ یا بلا ترمیم بطور عمومی قرارداد منظور کرنا:

ا) قرار دیا جاتا ہے کہ بمطابق 31 دسمبر 2015 تصرف کے لئے دستیاب منافع میں سے -/515,200,000 روپے کی رقم کو سرمائے کی شکل دی جائے اور 10 روپے مالیت کے عام شیئرز کے اجراء کے لئے اس طرح استعمال میں لایا جائے کہ کمپنی کے ایسے ممبران کو ان کی تحویل میں موجود ہر 100 شیئرز پر 40 شیئرز کے تناسب سے بحساب 40 فیصد مکمل ادا شدہ بونس شیئرز (B-21) الاٹ کیا جائے جن کے نام 15 اپریل 2016ء کے کاروباری دن کے اختتام پر ممبران کے رجسٹر میں موجود ہوں۔

ب) مزید قرار دیا جاتا ہے کہ بونس شیئرز ہر اعتبار سے موجودہ شیئرز کے مساوی ہوں گے۔

ج) مزید قرار دیا جاتا ہے کہ کسی ممبر کے بونس شیئر کے جزوی حق دار ہونے کی صورت میں ڈائریکٹرز اس کے مجاز ہیں کہ ایسے جزوی شیئرز کی شکل دے کر اسٹاک مارکیٹ میں فروخت کردیں اور اس فروخت سے حاصل شدہ رقم کسی تسلیم شدہ خیراتی ادارے جسے کمپنی کے ڈائریکٹرز نے منتخب کیا ہو عطیہ کردیں۔

د) مزید قرار دیا جاتا ہے کہ کمپنی سیکریٹری کو بذریعہ ہذا اجازت اور اختیار دیا جاتا ہے کہ ان قراردادوں پر عملدرآمد کریں اور ایسی تمام کارروائیاں، معاہدے اور اقدامات کریں جو بونس شیئرز کے اجراء الاٹمنٹ اور تقسیم کے لئے درکار یا لازم ہوں۔

7) بورڈ کی سفارش کے مطابق سال 2016ء کے دوران کمپنی کے مصروف کار ڈائریکٹرز کو قابل ادا مشاہرہ اور نان ایگزیکیٹو/ آزاد ڈائریکٹرز کی فیس پر غور اور منظوری اور درج ذیل خصوصی قرارداد پیش کرنا:

قرارداد پیش کی جاتی ہے کہ سال 2016ء کے دوران کمپنی کے مصروف کار ڈائریکٹرز کو قابل ادا مشاہرہ اور نان ورکنگ/ آزاد ڈائریکٹرز کی فیس کی بورڈ کی سفارش کے مطابق بذریعہ ہذا منظوری دی جاتی ہے۔

8) سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے ای ووٹنگ کو فعال کرنے کے لئے مقرر کردہ نئے آرٹیکلز 74A، 75A اور 79A کی شمولیت کے ساتھ کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کو تبدیل کرنے کے لئے غور، اور اگر درست سمجھا جائے تو ترمیم کے ساتھ یا بلا ترمیم بطور خصوصی قرارداد، درج ذیل قرارداد پیش کرنا:

قرارداد پیش کی جاتی ہے کہ یونائیٹڈ انشورنس کمپنی آف پاکستان کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں تبدیلی کی جاتی ہے اور نئے آرٹیکلز 74A، 75A اور 79A کو شامل کرنے کی منظوری دی جاتی ہے اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں شامل کیے گئے آرٹیکلز درج ذیل ہیں:

74A ممبران اجلاس عام میں الیکٹرونک ذرائع سے حق رائے دہی استعمال کرسکتے ہیں کہ جب کمپنی کو قابل اطلاق قوانین کے تحت اس طریقے سے رائے شماری کے لئے لازمی مطالبہ موصول ہو۔ کمپنی سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے مقرر کردہ تقاضوں کے مطابق ای ووٹنگ کے لئے سہولت فراہم کرے گی۔

75A درج بالا کے برخلاف کمپنی کے مقرر کردہ درمیانی عامل کے ذریعے حق رائے دہی بصورت ای ووٹ استعمال کرنے کا خواہشمند ممبر کسی غیر ممبر کو اپنا نمائندہ مقرر کرسکتا ہے جیسا کہ "کمپنی (ای ووٹنگ) ریگولیشنز 2016"، وقتاً فوقتاً ترمیم شدہ میں تصریح کی گئی ہے تاہم وہ سالانہ اجلاس عام اور شیئر ہولڈرز کے غیر معمولی اجلاس عام کے انعقاد سے کم از کم 10 دن قبل کمپنی سیکریٹری کو رائے شماری میں ووٹ دینے کے لئے درمیانی عامل مقرر کرنے کے اپنے فیصلے سے آگاہ کرے گا۔

79A ای ووٹنگ کے لئے، نمائندہ مقرر کئے جانے کا انسٹرومنٹ (تقرری کی دستاویز) کمپنی (ای۔ ووٹنگ) ریگولیشنز، 2016 میں صراحت کردہ طریقے اور شکل میں ہونی چاہیے۔

مزید قرارداد پیش کی جاتی ہے کہ کمپنی سیکریٹری کو بذریعہ ہذا اجازت اور اختیار دیا جاتا ہے کہ ان قراردادوں پر عمل درآمد کریں اور ایسی تمام قانونی، ادارہ جاتی اور ضابطے کی کارروائیاں، معاہدے اور اقدامات کریں جو کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں تبدیلی کے لئے ضروری یا مطلوب ہوں۔

بتاریخ: 05 اپریل 2016ء

بحکم بورڈ
(اوصاف علی)
کمپنی سیکریٹری

**نوٹس:**

1) کمپنی کے شیئر ٹرانسفر کے کھاتے 18 اپریل 2016ء تا 26 اپریل 2016ء (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گے۔ 15 اپریل 2016ء کو کاروباری اوقات ختم ہونے تک کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع کراچی میں موصول ہونے والے ٹرانسفرز کو بونس شیئرز کے حق داروں کے تعین اور اجلاس میں شرکت کے لئے بروقت تصور کیا جائے گا۔

2) سالانہ اجلاس عام میں شرکت اور ووٹ دینے کا اہل کوئی ممبر اپنی جگہ شرکت اور ووٹ دینے کے لئے کسی دوسرے ممبر کو اپنا نمائندہ مقرر کرنے کا استحقاق رکھتا ہے۔ کوئی خود مختار ادارہ یا کمپنی، کمپنی ہذا کے ممبر کی حیثیت سے اپنے کسی افسر کی تقرری کرسکتی ہے، اگرچہ وہ کمپنی ہذا کا ممبر نہ ہو۔

3) نمائندگی کے موثر ہونے کے لئے ضروری ہے کہ وہ اجلاس سے کم از کم 48 گھنٹے پہلے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس، 204، مدینہ سٹی مال، عبداللہ ہارون روڈ، کراچی میں موصول ہو جائے۔

4) ممبران سے درخواست ہے کہ اپنے پتے میں کسی تبدیلی سے فوراً آگاہ کریں۔

5) سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے مورخہ 26 جنوری 2000ء کو جاری کردہ سرکلر 1 میں دیئے گئے درج ذیل رہنما اصولوں کی مزید پیروی کرنی ہوگی:

ا) اجلاس میں شرکت کے لئے:

i) انفرادی صورت میں، اکاؤنٹ یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا ایسا شخص جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات حسب ضابطہ اپ لوڈ کی جاچکی ہیں، اجلاس میں شرکت کے وقت اپنی شناخت کی تصدیق کے لئے اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ دکھائے گا۔

ii) سی ڈی سی کے پاس رجسٹرڈ شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ اپنے کوائف، شناختی نمبرز اور CDS میں اکاؤنٹ نمبرز ساتھ لائیں۔

iii) کاروباری ادارے کی صورت میں اجلاس کے موقع پر بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختار نامہ نمائندے کے دستخط کے نمونے کے ساتھ پیش کرنا ہوگا (ماسوائے اس کے کہ وہ پہلے ہی پیش کیا جاچکا ہو)

ب) نمائندوں کی تقرری کے لئے:

i) انفرادی صورت میں، اکاؤنٹ یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا ایسا شخص جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات حسب ضابطہ اپ لوڈ کی جاچکی ہیں، اجلاس میں شرکت کے وقت کمپنی کے اعلان کردہ تقاضوں کے مطابق تقرری نامہ (Proxy Form) جمع کرائے گا۔

ii) نمائندگی نامے پر دو افراد کی گواہی موجود ہونی چاہیے جن کے نام، پتے اور CNIC نمبر تقرری نامے میں درج ہوں۔

iii) نمائندگی نامے کے ہمراہ اصل مالکان (Beneficial Owners) اور نمائندے کے CNIC یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول فراہم کی جائیں۔

iv) نمائندے کو اجلاس کے موقع پر اپنا اصل CNIC یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

v) کاروباری ادارے کی صورت میں اجلاس کے موقع پر نمائندگی نامے کے ہمراہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختار نامہ نمائندے/ اٹارنی کے دستخط کے نمونے کے ساتھ پیش کرنا ہوگا (ماسوائے اس کے کہ وہ پہلے پیش کیا جاچکا ہو)

6) CNIC (کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ) فراہم نہ کرنے والے شیئر ہولڈرز کے نام نوٹس

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) نوٹیفکیشن نمبر SRO 779(1)/2011 بتاریخ 18 اگست 2011ء اور SRO.831(1)/2012 بتاریخ 05 جولائی 2012ء کی رو سے کاغذی (Physical) شیئرز رکھنے والے ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی ایک نقل فوری طور پر ہمارے رجسٹرار آفس، F.D. رجسٹرار سروسز (SMC-Pvt) لمیٹڈ، 1705، صائمہ ٹریڈ ٹاور A، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی 74000 کو بھجوادیں۔ کارآمد CNIC کی نقل کی عدم وصولی اور مندرجہ بالا تقاضوں کی عدم تعمیل پر کمپنی ایسے شیئر ہولڈرز کے بونس شیئرز کی ترسیل روکنے پر مجبور ہوگی۔ کاروباری اداروں سے بھی درخواست ہے کہ اپنے NTN درج بالا پتے پر ہمارے رجسٹرار کے پاس جمع کرادیں۔

7) مالی اسٹیٹمنٹس (گوشواروں) کی دستیابی

کمپنی کی جانب سے 31 دسمبر 2015 کو اختتام شدہ سال کے لئے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالی اسٹیٹمنٹس (گوشوارے) اور ان کے ہمراہ آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز کی رپورٹ ویب سائٹ: www.theunitedinsurance.com پر ڈال دیئے گئے ہیں۔

8) بونس کے اجراء پر 5 فیصد کی شرح سے ود ہولڈنگ ٹیکس

فنانس ایکٹ، 2014 کی شقوں کی تعمیل میں بونس شیئرز کا اجراء کرنے والی لسٹڈ کمپنیز مذکورہ تصور کی گئی آمدنی پر ٹیکس (محصول) کی وصولی کی ذمہ دار ہیں جو انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 236M کے تحت بونس شیئرز کی مالیت کا 5 فیصد ہے۔ کمپنی کی جانب سے جمع کیا جانے والا ٹیکس کمپنی کے شیئر ہولڈرز کی اس آمدنی کا فائنل (حتمی) ٹیکس ہوگا جو بونس شیئرز کے اجراء سے حاصل ہوگی۔ اسٹاک ایکسچینج پر موجود کمپنی شیئر ہولڈرز کو بونس شیئرز کا اجراء کرتے وقت جاری کیے جانے والے بونس شیئرز میں سے 5% ود ہولڈ کرے گی۔ یہ withheld (روکے گئے) بونس شیئرز صرف ایسی صورت میں شیئر ہولڈرز کو جاری کیے جائیں گے جب کھاتے بند ہونے کے پہلے دن کے اختتام پر قیمتوں کی بنیاد پر پندرہ دن کے اندر کمپنی شیئر ہولڈرز کو جاری کیے گئے کل بونس شیئرز کی مالیت کے پانچ فیصد کے مساوی ٹیکس شیئر ہولڈر سے وصول ہو جائے۔ کمپنی یا شیئر ہولڈر کی جانب سے ایسا نہ کرنے کی صورت میں کمپنی روکے جانے والے (withheld) بونس شیئرز سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ یا مقرر کیے جانے والے کسی اور ادارے میں جمع کرائے گی۔

ایسے ممبران جو انکم ٹیکس کٹوتی سے استثنیٰ حاصل کرنا چاہتے ہیں ان سے کارآمد ٹیکس ایگزیمپشن سرٹیفکیٹ یا ضروری دستاویزی ثبوت جیسی بھی صورت ہو جمع کرانے کی درخواست کی جاتی ہے۔

9) وڈیو کانفرنس کی سہولت کے لئے رضامندی

ممبران وڈیو کانفرنسنگ کی سہولت حاصل کرسکتے ہیں۔ اس حوالے سے براہ مہربانی ذیل میں دیئے گئے پروفارما کو پر کرکے اجلاس عام کے انعقاد سے 10 یوم قبل کمپنی کے رجسٹرڈ پتے پر جمع کرادیں۔

اگر کمپنی کو اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 10 یوم قبل شیئرز کے حامل کسی ایک جغرافیائی مقام پر رہنے والے مجموعی طور پر 10 فیصد یا اس سے زائد ممبران کی جانب سے وڈیو کانفرنس کے ذریعے اجلاس میں شرکت کرنے کا ارادہ/ خواہش موصول ہوتی ہے تو کمپنی اس شہر میں وڈیو کانفرنس کی سہولت کا انتظام کرے گی۔

کمپنی اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 5 یوم قبل اس سہولت سے استفادہ حاصل کرنے سے متعلق مکمل ضروری معلومات کے ساتھ ساتھ وڈیو کانفرنس کی سہولت کے مقام کے بارے میں ممبران کو اطلاع دے گی۔

میں/ ہم ______________ آف ______________ ، بطور ممبر یونائیٹڈ انشورنس کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ، حامل ______________ آرڈنری (عمومی) شیئرز بمطابق فولیو نمبر ______________ بمقام ______________ وڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کرنا چاہتا/ چاہتے ہیں۔

**کمپنیز آرڈیننس 1984 کے سیکشن (C) & (B) (1)160 کے تحت خصوصی کارروائی سے متعلق اعلامیہ**

1. آئٹم نمبر 6 پہ متعلق بونس کا اجراء

بونس کا اجراء قوانین ضوابط کے مطابق ہوگا

ڈائریکٹرز نے بمطابق 31 دسمبر 2015 کمپنی کے محفوظ سرمائے اور منافع سے مطمئن ہونے کے سبب بونس شیئرز کے اجراء کی سفارش کی ہے۔ ڈائریکٹرز کوئی براہ راست یا بالواسطہ مفاد نہیں رکھتے، ماسوائے اس کے کہ وہ کمپنی کے ممبران ہیں۔

2. آئٹم نمبر 7 بمتعلق ڈائریکٹرز کا معاوضہ:

کمپنی کے مصروف کار ڈائریکٹرز کو معاوضہ اور نان ایگزیکیٹو/ آزاد ڈائریکٹرز کو فیس قابل ادا ہوگی ہے۔ ڈائریکٹرز کوئی براہ راست یا بالواسطہ مفاد نہیں رکھتے، ماسوائے اس کے کہ جیسا اوپر خصوصی کارروائی میں بتایا گیا ہے۔

3. آئٹم نمبر 8 پہ متعلق ای ووٹنگ

قانون کی جانب سے فراہم کردہ حدود میں رہتے ہوئے شیئر ہولڈرز کا یہ استحقاق ہے کہ وہ کمپنی سے متعلق فیصلہ سازی کی کارروائی میں حصہ لیں۔ الیکٹرونک ووٹنگ کی سہولت مختلف مقامات پر رہنے والے شیئر ہولڈرز کو کمپنی سے متعلق فیصلہ سازی کی کارروائیوں کا حصہ لینے میں معاونت فراہم کرے گی۔

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کمپنیز (ای۔ ووٹنگ) ریگولیشنز، 2016 کے تحت ای ووٹنگ کے عمل کو اس طرح بیان کرتا ہے کہ کمپنی کا بورڈ آف ڈائریکٹرز ای ووٹنگ کے لئے اہل درمیانی عامل مقرر کرے گا اور درمیانی عامل اجلاس عام کی اطلاع کے اجراء سے قبل ایگزیکیوشن آفیسر (انفرعمل درآمد) کی معلومات کمپنی کو فراہم کرے گا۔ اجلاس عام کی اطلاع کے ذریعے ممبران کو مطلع کیا جائے گا اور ان سے کہا جائے گا کہ وہ ای ووٹنگ کے ذریعے اپنا حق رائے دہی استعمال کرنے کی خواہش کا اظہار تحریری شکل میں کریں۔

ای ووٹنگ کو فعال بنانے کے لئے کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں تبدیلی کے لئے خصوصی قرارداد کی منظوری کے ذریعے شیئر ہولڈرز کی منظوری لی جائے گی۔

ڈائریکٹرز کوئی براہ راست یا بالواسطہ مفاد نہیں رکھتے، ماسوائے اس کے کہ جیسا اوپر خصوصی کارروائی میں بتایا گیا ہے۔